عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆وزیراعلیٰ سرحد سے کہہ دیا تھا کہ توڑے گئے بورڈ دوبارہ لگوائیں۔(صدر پرویز)
اور طالبان، افغانستان میں بت دوبارہ بنوائیں۔
☆امریکہ وردی پر مطمئن ہے۔(صدر پرویز)
این او سی مل گیا۔
☆آئین کے ساتھ ایل ایف او ایسے ہی ہے جیسے مشرف کے ساتھ جمالی۔(مجید نظامی)
کیا خوب تشبیہ ہے۔!
☆دیانتداری کے باعث امریکی صدر کو متاثر کیا۔(صدر پرویز)
اپنے منہ میاں مٹھّو۔!
☆مینارٹیز نے شریعت بل کے خلاف ملک گیر تحریک چلانے کا اعلان کر دیا۔(شہباز بھٹی)
کہ حکومت مینارٹیز کی نمائندہ ہے۔
☆سمجھ نہیں آتا اسرائیل سے کیا دشمنی ہے؟(صدر پرویز)
حالانکہ قوم سمجھ گئی ہے کہ جنرل پرویز کی اسرائیل سے دوستی ہے۔
☆بش افریقہ آئے تو ملاقات نہیں کروں گا۔(نیلسن منڈیلا)
غیرت ہو تو ایسی ہو۔!
☆پاکستانیوں کی اکثریت مُلّائیت کی خواہاں نہیں۔(صدر پرویز)
اب کھلا تجھ پہ یہ راز مسٹر بش سے ملاقات کے بعد
☆مکہ مکرّمہ میں صدر پرویز، عمرہ کی ادائیگی کے دوران، حجرِ اسود کی زیارت کر رہے ہیں۔(ایک تصویر)
''گواہ رہنا، میں داڑھی نہیں رکھوں گا''۔
☆ہماری معاشی حالت دنیا کے لیے مثال ہے۔(صدر پرویز مشرف)
میرے اِدھر بھی آدمی ہیں اور اُدھر بھی آدمی
اِن کے جوتوں پر چمک ہے اُن کے چہروں پر نہیں